# 08-05-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بی جے پی کی پالیسی ''پہلے قوم'' ہے جبکہ کانگریس اور بی آر ایس جیسی پارٹیاں ''پہلے خاندان'' کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔

☆بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی آر نے سی ایم ریونت ریڈی سے کہا ہے کہ پارٹی کے سوشیل میڈیا کنوینر کی جانب سے عثمانیہ یونیورسٹی کے مس اور ہاسٹلس کو بند کرنے سے متعلق جاری کردہ سرکولر کو جھوٹا ثابت کرد کھائیں۔

☆ریاست بھر میں کل ہوئی بارش کے نتیجہ میں بارہ افراد ہلاک ہوگئے۔

☆محکمہ موسمیات نے آئندہ تین دن کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم و بی جے پی کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک میں رنگ کی بنیاد پر عوام کی توہین کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تلنگانہ کے ضلع ورنگل میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے آنجہانی وزیراعظم نرسمہا راؤ کے معاملہ پر کانگریس کو نشانہ بنایا اور کہا کہ بی جے پی کی پالیسی رہی ہے کہ ملک پہلے ہو اور وہ اسی پالیسی پر کام کرتی رہی ہے جبکہ کانگریس اور بی آر ایس جیسی پارٹی پہلے خاندان کی پالیسی پر عمل پیرا رہی ہے۔ اسی پالیسی کی بناء پر کانگریس نے نرسمہا راؤ کو نظرانداز کیا جبکہ این ڈی اے نے نرسمہا راؤ کا احترام کیا اور انہیں بھارت رتن عطا کیا۔ وزیراعظم نے اس موقع پر عوام سے اپیل کی کہ ترقی کیلئے ووٹ دیں اور تلنگانہ کے مفادات کو نقصان پہنچانے والوں کو سخت جواب دیں۔ مودی نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کانگریس حکومت، بی آر ایس کے اقدامات کا تحفظ کررہی ہے جیسا کہ بی آر ایس کی حکومت کالیشورم لیفٹ آبپاشی پراجکٹ اسکام میں ملوث رہی ہے۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ جب بھی کانگریس اور انڈی پارٹیاں حکومت تشکیل دیں گی تب تلنگانہ کو اے ٹی ایم میں تبدیل کردیں گے۔ اس سے پہلے آج صبح حلقہ لوک سبھا کریم نگر کے ویملواڑہ منڈل میں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے ریاست کی کانگریس اور بی آر ایس پارٹیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ یہ سیاسی جماعتیں ''خاندان کیلئے، خاندان کی جانب سے اور رشوت خور'' ہیں۔ انہوں نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کانگریس اور بی آر ایس دونوں ہی پارٹیاں ایک ہی سکّے کے دو رخ ہیں لہذا انہوں نے عوام کو انتباہ دیا کہ ان دونوں پارٹیوں کی رشوت خوری اور جانبدارانہ سیاست سے چوکس رہیں۔ اس سے پہلے مودی نے ویملواڑہ میں واقع سری راجہ راجیشور سوامی دیواستھانم میں پوجا کی۔

☆☆☆☆☆

کل شام شہر حیدرآباد میں ہوئی شدید بارش کے بعد باچوپلی علاقہ میں زیر تعمیر ایک عمارت کی دیوار گرنے سے چھ ورکرس اور چار سالہ ایک لڑکا ہلاک ہوگئے۔ باچوپلی کے پولیس انسپکٹر کے مطابق باؤنڈری کی دیوار تیس چالیس فٹ اونچی تھی جو گر پڑی۔ یہ حادثہ یلماں ٹمپل کالونی میں پیش آیا جہاں پانچ منزلہ ایک رہائشی عمارت زیر تعمیر تھی۔ ورکرس کی نشاندہی اڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے متوطن کے طور پر کی گئی ہے۔ چھ ورکرس کی لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے گاندھی ہاسپٹل روانہ کیا گیا ہے۔ رات کے وقت کئے گئے آپریشن کے دوران پانچ دیگر مزدوروں کو بچالیا گیا۔ باچوپلی پولیس نے اس سلسلہ میں لاپرواہی کے تحت بلڈر کے خلاف کیس درج کرلیا ہے۔ ایک اور واقعہ میں آج صبح بیگم پیٹ نالہ میں دو افراد کی لاشیں پائی گئیں۔ پولیس نے شبہ ظاہر کیا ہے کہ کل شب بارش کی بناء پر یہ دونوں افراد نالے میں گر پڑے اور بہہ گئے۔ مقامی افراد نے کسٹم کالونی میں لاشیں دیکھیں اور پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس نے جی ایچ ایم سی ورکرس کی مدد سے لاشوں کو نالے سے نکالا اور گاندھی ہاسپٹل کے مردہ خانہ منتقل کیا۔ دونوں مہلوکین کی شناخت کیلئے پولیس کی جانب سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ حکومت کی درخواست پر مثبت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کرناٹک نے اپنے نارائن پور ڈیام سے جورالا پراجکٹ کیلئے دو ٹی ایم سی پانی جاری کرنے سے اتفاق کرلیا ہے۔ پارٹی کی اجرائی کا آج سے آغاز ہوا۔ یہ پانی جمعرات تک جورالا پراجکٹ میں پہنچے گا۔ اس پانی کو خاص طور پر ضلع محبوب نگر میں پینے کے پانی کیلئے استعمال میں لایا جائے گا۔

آندھراپردیش میں ڈائرکٹر ٹکنیکل ایجوکیشن ناگارانی نے آج وجئے واڑہ میں پالی سیٹ کے نتائج جاری کئے۔اس ٹسٹ کیلئے جملہ 1.24 طلبہ نے درخواست دی تھی جن کے منجملہ 87.61 فیصد کوالیفائی ہوئے ہیں۔محکمہ ٹکنیکی تعلیم کی جانب سے یہ بات بتائی گئی۔ ریاست بھرمیں پالی ٹکنیک کے 267 کالجس ہیں جہاں 82ہزار870 سیٹیں دستیاب ہیں۔عہدیداروں کے مطابق کونسلنگ کا شیڈول جلد ہی جاری کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباداورتلنگانہ کے مختلف علاقوں میں کل ہوئی شدید بارش کے بعدمحکمہ موسمیات(IMD) نے آج کیلئے اریخ الرٹ جاری کیا ہےجبکہ آئندہ تین دن کیلئے یلوالرٹ جاری کیا گیا ہے۔IMD کی جانب سے آج جاری کردہ ایک ریلیز کے مطابق ریاست کے اضلاع ملکاجگیری، رنگاریڈی،سنگاریڈی،وقارآباد،سرسلہ،سدی پیٹ، بھونگیر،میدک،ناگرکرنول،کتہ گوڑم،کھمم،کاماریڈی کے علاوہ حیدرآباد میں مختلف مقامات پرگرج چمک کے ساتھ بارش اور بجلیاں چمکنے کے علاوہ تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔

☆☆☆☆☆

حیدرآبادمیٹروریل نے اپل اسٹیڈیم میں آج شام کھیلے جانے والے انڈین پریمئرلیگ کے میاچ کیلئے ٹرینوں کے اوقات میں توسیع کی ہے۔میٹروٹرین مقررہ وقت کےختم ہونے کے بعدبھی دستیاب رہے گی۔آخری ٹرین متعلقہ ٹرمنل اسٹیشنوں سے رات بارہ بجکر پندرہ منٹ پرروانہ ہوگی اوراپنی منزل پرتقریباًایک بجکردس منٹ پرپہنچےگی۔توسیع شدہ اوقات کے دوران اپل اسٹیڈیم اوراین جی آرآئی اسٹیشنوں میں داخلہ کی اجازت رہےگی۔جبکہ دیگراسٹیشنوں پرصرف باہرنکلنے کا راستہ رہےگا۔

☆☆☆☆☆

بھارت راشٹراسمیتی(BRS) کے کارگذارصدرکےٹی راماراؤنےعثمانیہ یونیورسٹی کےمس اور ہاسٹلس کو بندکردینے سے متعلق جعلی سرکولر کےتعلق سے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کوچیلنج کیاہے۔کےٹی آرنےسی ایم سےکہاہےکہ ہاسٹلس اورمس کو بندکرنے سے متعلق سرکولرکوثابت کیاجائےکہ یہ صحیح اوراسے بی آرایس سوشیل میڈیاکنویز کرشنانے پوسٹ کیاتھا۔بی آرایس لیڈرنے کہاکہ اگراس بات کوثابت کیاجاتا ہےکہ یہ سرکولرجھوٹاہےتب وہ جیل جانے کیلئے تیارہیں جبکہ اسے سچ ثابت کرنے پر وزیراعلیٰ کوجیل جاناچاہئے۔چنچل گوڑہ جیل کے باہرآج ایک پریس میٹ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔اس سے پہلے کےٹی آرنے جھوٹا سرکولرپھیلانے کےمعاملہ میں جیل میں قیدکریشنک سے ملاقات کی۔اس کیس کوجھوٹاقراردیتے ہوئے راماراؤنےالزام عائدکیاکہ
عثمانیہ یونیورسٹی کے ہاسٹلس اورمس کے چیف وارڈن کی جانب سے جاری کردہ سرکولرکوریونت ریڈی نے جھوٹاقراردیاہے۔

☆☆☆☆☆

آنجہانی وزیراعظم پی وی نرسمہاراؤکے افرادخاندان نے کل راج بھون میں وزیراعظم نریندرمودی سے ملاقات کی اورنرسمہاراؤکو بھارت رتن دینے پران سے اظہارتشکرکیا۔تلنگانہ بی جےپی کے ترجمان این وی سبھاش کی قیادت میں نرسمہاراؤکےافرادخاندان نے مودی سے ملاقات کی جنہوں نے کل راج بھون میں شب بسری کی۔

☆☆☆☆☆

آج عالمی یوم ریڈکراس منایاجارہاہے۔جس کا مقصد دنیابھرمیں حفاظت،مدد،ہیلتھ کیئر،سماجی مدداوریکجہتی کیلئےعوام کے لئے خدمات انجام دینے والے ملازمین اور رضاکاروں کوخراج پیش کرنا ہے۔یہ دن ہرسال آٹھ مئی کومنایاجاتاہےتاکہ انٹرنیشنل ریڈکراس اورریڈکریزینٹ مومنٹ کےقواعدکیلئے انسانی بنیادوں پرخدمات دی جاسکے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھاانتخابات کے پانچویں مرحلہ کےتحت چھ ریاستوں اوردومرکزی زیرانتظام علاقوں کی 49 نشستوں کیلئے جملہ 659امیدوارمیدان میں ہیں۔ان پارلیمانی حلقوں کیلئے جملہ 1ہزار586 پرچہ جات نامزدگی داخل کئے گئے جیساکہ اس مرحلہ کےتحت بیس مئی کورائے دہی ہوگی۔اس مرحلہ کیلئے پرچہ نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ3 مئی تھی جبکہ پرچہ جات نامزدگی کی تنقیح کے بعد749 نامزدگیوں کودرست پایاگیا۔

حیدرآباد میں متعین امریکی قونصل خانہ نے جاریہ ماہ کے اواخر میں انٹرویوز کیلئے اسٹوڈنٹ ویزہ اپائمنٹ کے تحت پہلا سلاٹ جاری کیا ہے۔آنے والے ہفتوں میں امریکی قونصل کی جانب سے جون، جولائی اوراگست کے بیاچس کیلئے بھی مزید اپائمنٹس جاری کیے جائیں گے۔امریکی سفیر وکونسل برائے ہند نے اکتوبر2022 سے ستمبر2023 کے دوران زائداز چودہ ہزار اسٹوڈنٹ ویزوں کی اجرائی کا ریکارڈ قائم کیا ہے۔محکمہ خارجہ کے مطابق زائداز چھ لاکھ اسٹوڈنٹ ویزہ جاری کئے گئے جو مالی سال2017 کے بعد جاری کردہ اعظم ترین تعداد ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست بھر میں کل ہوئی بارش کے نتیجہ میں مختلف مقامات پر بارہ افراد ہلاک ہوگئے۔ضلع میدک کے مختلف مقامات پر ہوئی شدید بارش کے نتیجہ میں دوعلحدہ حادثات میں چارافراد ہلاک ہوگئے۔ضلع میں کل شب کوڑی پلی منڈل کے موضع ریلا پور میں ایک دیوار گرنے سے دوافراد ہلاک ہوگئے۔ایک اور شخص ضلع سدی پیٹ میں کل صبح میں ککنر پلی میں بجلی گرنے سے ہلاک ہوگیا۔ایک اور واقعہ میں جواندول منڈل کے موضع ایرارم میں پیش آیا، ایک کسان بجلی گرنے سے جانبر نہ ہوسکا۔اس کی شناخت باپیا کی حیثیت سے کی گئی ہے۔مختلف مقامات پر کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا ہے جبکہ خریدی کے مرکز پر لائی گئی دھان بھی بھیگ گئی۔

☆☆☆☆☆